Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. نفسیات کے چار مقاصد بیان کریں.

Ans 1: 1.بیان کرنا 2.وضاحت کرنا 3.پیش گوئی 4.کردار یا صورتحال کو بدلنا

Q2. ماحولی نفسیات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ماحولی نفسیات ایک فرد کی جسمانی حالتوں پر بائی جین اور ماحول کے تعاملی اثرات کا مطالعہ کرتی ہے،مخصوص ماحول کے تحت افراد کے ذہنی اعمال اور کردار کا مطالعہ کرنے میں مددگاز بنتی ہے.

Q3. کلینیکل نفسیات کی تعریف کریں،

Ans 1: نفیسات کی وہ شاض جو افراد کے مطابقتی مسائل کا مطالعہ کرتی ہے کلینکل نفسیات کہلاتی ہے.

Q4. تعلیمی نفیسات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلیمی نفسیات کی شاخ تعلیمی اداروں کے نفسیاتی مسائل حل کرتی ہے،یہ طلباء کی بہتر اور نشونما کے لیے نفسیاتی اصول فراہم کرتا ہے اور نفسیاتی اصولو ں کی روشنی میں اساتذہ کو جدید اور ترقی یافتہ تدریسی طریقوں سے روشناس کرانے کے لیے تربیت فراہم کرتی ہے.

Q5. روح کا لفظ سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

Ans 1: روح کا لفظ سب سے پہلے ارسطو نے استعمال کیا.

Q6. جرائم کی نفیسات کی نوعیت .

Ans 1: جرائم کی نفیسات کا تعلق مجرموں ، ان کی بحالی کے اداروں ،جیلوں کے ماحول اور دیگر متعلقہ عوامل سے ہے.یہ جرائم کے اسباب کی تحقیق کرتی ہے اور جرائم پیدا کرنے والے اسباب کا خاتمہ کر کے مجرموں کو اچھا شہری بنانے میں مدد دیتی ہے.

Q7. نفسیات کی موزوں تعریف کریں.

Ans 1: نفسیات وہ علم ہے جو افراد اور دوسرع ارکان کے کردار اور باطنی اعمال کامطالعہ ان کے طرز عمل کی روشنی میں کرتی ہے.

Q8. ذہنی اعمال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.؟

Ans 1: انسان کے ذہنی اعمال و افعال کو سمجھنے کے لیے ہمیں خارجہ اعمال کے مطالعہ پر انحصار کرنا پڑتا ہے.

Q9. کردار سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کردار سے مراد حرکات و سکنات اور اعمال و افعال ہیں جس کا معروضی مشاہدہ کیا جا سکتا ہے.

Q10. ولہیم وونٹ نے پہلی تجرباتی نفسیاتی لیبارٹری کہاں قائم کی؟

Ans 1: اس نے پہلی تجرباتی نفسیاتی لیبارٹری لیزگ یونیورسٹی جرمنی میں قائم کی.